## سوال

جگہ کی طہارت کے بارے میں شک

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جب ہم ایک فلیٹ سے دوسرے فلیٹ میں منتقل ہوتے ہیں تو عام طور پر تمام یا اکثر فلیٹوں میں کارپٹ بچھا ہوتا ہے تو کیا ہمارے لئے اس پر نماز پڑھنا جائز ہے جب کہ ہمیں یہ معلوم نہیں ہوتا کہ ہم سے پہلے اس گھر میں رہنے والے مسلمان تھے یا نہیں ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اشیاء میں اصل طہارت ہے کسی چیز جگہ کو صرف اسی صورت میں نجس قرار دیا جا سکتا ہے جب اس کی نجاست کی کوئی دلیل ہو اور پھر وہ نجس چیز اس جگہ واقعی موجود ہو اور جب یہ دونوں باتیں ثابت نہ ہوں تو مسلمان نماز پڑھ سکتا ہے اس کی نماز صحیح ہوگی۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

## فتاویٰ اسلامیہ

# ج1ص268

## محدث فتویٰ